مورخہ 05-05-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تمام منصوبوں کو عوامی مفاد کا محور بنا کر پسماندگی سے چھٹکارا ممکن، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ نے محکمہ زراعت میں چار سطحوں کے سروس ڈھانچے کے تعارف کی منظوری دیدی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | اقتدار کا مقصد عوام کی خدمت کرنا ہے، مولانا عبدالواسع۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | پاراچنار اپر کرام سکول میں اساتذہ پر فائرنگ قابل مذمت ہے ضیاء اللہ لانگو۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | عوامی خدمت اور مسائل کرنا کسی عبادت سے کم نہیں ہے مبین خان خلجی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | کیسو کے لاپتہ ڈرائیور کی بازیابی یقینی بنائی جائے ہاشم نوتیزئی۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | دشمن ہمارے اساتذہ کو شہید کر کے اپنی بزدلی کا ثبوت دے رہا ہے، صوبائی وزراء۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | کانگو وائرس کے شکار مزید دو مریض فاطمہ جناح ہسپتال منتقل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | گوادر پورٹ نے گندم کی ترسیل میں دیگر بندرگاہوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ | سنچری ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ساتویں مردم شماری کے لئے کام میں 15 روز کیلئے توسیع کی گئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | گیس بل اضافی چارجز بلوچستان ہائیکورٹ نے صدر، وزیراعظم، گورنر، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری کو طلب کرلیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان کی دس شاہراہوں پر چیک پوسٹیں قائم کردی چیئرمین ایف بی آر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | مولانا ہدایت الرحمٰن ضمانت کیس سپریم کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کردئے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | نوجوانوں کو تعلیم وہنر سے آراستہ کر کے حیران کن نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں، آسٹریلین ہائی کمشنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | کوئٹہ میں منی پیٹرول پمپس کے خلاف کریک ڈاؤن 8 سیل 3 کارندے گرفتار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | کوہلو میں مون سون بارشیں ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس پیشگی حفاظتی اقدامات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | کمشنر و ڈی سی نصیر آباد کا پٹ فیڈر کینال کا دورہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن وامان

قومی شاہراہوں کی تعمیر زمینداروں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے رحیم زیارتوال، وفاق کی چشم پوشی بلوچستان کے احساس محروری میں اضافہ ہو رہا ہے، نیشنل پارٹی، بی سے اے ٹی ایف جوانوں کو سندھ بھیجنے کی تحقیقات کرائی جائے، پشتونخوا میپ، سرکاری اسکولز میں کتب کی فراہمی یقینی بنائے جائے، ایچ ڈی پی۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05-05-2023

## عوامی مسائل

قلعہ سیف اللہ مغوی بچہ 6 گھنٹے بعد بازیاب اغوا کار گرفتار، کوئٹہ اور چمن سے 2 خواتین سمیت منشیات کے تین اسمگلر رنگے ہاتھوں گرفتار، قلعہ عبداللہ دوسری منگنی کر نے کی پاداش میں نوجوان قتل، قلات لیوز کی کاروائی مستونگ سے چوری کیا گیا ٹریکٹر برآمد، مطالبات کے حق میں جامعہ بلوچستان کے ملازمین کی ریلی سریاب روڈ پر دھرنا۔

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**انسانی وسائل غذائی قلت سمیت دیگر مسائل میں بلوچستان سر فہرست ھے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے عالمی بینک نے ہیومن کیپٹل ری ویو ریسرچ رپورٹ کا اجراء کر دیا۔ قائم مقام کنٹری ڈائریکٹر ورلڈ بینک کے مطابق پاکستان میں 2 کروڑ 30 لاکھ بچے اسکول سے باہر ہیں اور پاکستان میں بڑی تعداد میں بچے غذائی قلت کا شکاری ہیں جب کہ پاکستان میں عورتوں کی بڑی تعداد کو ملازمت کے مواقع حاصل نہیں ہیں۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انسانی وسائل کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے ہم نے 1999 میں انسانی وسائل کیلئے جو اقدامات کئے وہ مارشل لاء حکومت میں ضائع ہو گئے احسن اقبال نے یہ بھی کہا کہ ہماری حکومت نے 2013 میں انسانی وسائل کیلئے دوبارہ اقدامات شروع کیے ہمارے دور میں ترقیاتی بجٹ 1000 ارب روپے تھا رواں مالی سال ترقیاتی بجٹ کم ہو کر 727 ارب روپے ہو گیا مگر ہمارا انفراسٹرکچر غریب ترین ممالک کی طرح ہے ساتھ ہی ماہرین کی ٹیم کے ساتھ پر پروجیکٹس بنانے کو ترجیح دیکر مسائل سے نکلا جا سکتا ہے۔

## اداریے:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**سی پیک گیم چیجنر منصوبہ 152 رکن ممالک سے سخت ترین مقابلے کا سامنا ھے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Flour shortage " کے عنوان سے مضمون نے تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 05 MAY 2023

Page No: 1

Bullet No. 1

## تمام منصوبوں کو عوامی مفاد کا محور بنا کر پسماندگی سے چھٹکارا ممکن، گورنر

**عوام کے ذہنوں سے احساس محرومی دور کرنے کیلئے ہمیں عوامی سطح پر عملی اقدامات اٹھانے ہونگے**

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ مفاد خلق کو ملکی اور صوبائی سطح پر تشکیل دیئے والی تمام پالیسیوں اور منصوبوں کا محور ومرکز بنا کر ہی ہم پسماندگی سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں عوام کے ذہنوں سے احساس محرومی دور کرنے کیلئے ہمیں عوامی سطح پر عملی اقدامات اٹھانے ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین سینٹ آف پاکستان محمد صادق سنجرانی سے گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے جمعرات کے روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر نوابزادہ ارباب فاروق کاسی، سینیٹر عبدالقادر اور رکن قومی اسمبلی خالد مگسی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران خطے میں رونما ہونے والی سیاسی اور معاشی تبدیلیاں، امن وامان کی صورتحال، صوبہ میں جاری ترقیاتی منصوبے اور ہائیر ایجوکیشن کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے کہ اس وقت مرکز اور صوبوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں تاہم انہیں مزید مستحکم بنانے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم قدم اور ہمقدم رہنے کیلئے ہمیں وفاقی حکومت اور عالمی اداروں کی فکری رہنمائی اور مالی مدد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا روشن مستقبل بلوچستان سے وابستہ ہے اور بلوچستان ہی ہمیں سینٹرل ایشیا تک رسائی کا ذریعہ فراہم کرسکتا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## پالیسیوں اور منصوبوں کو محور ومرکز بنا کر ہی پسماندگی سے چھٹکارا ممکن ہے، گورنر بلوچستان

**مرکز اور صوبوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں تاہم انہیں مزید مستحکم بنانے کی ضرورت ہے، ملک عبدالولی کاکڑ**

**جدید دنیا کے تقاضوں سے ہمقدم رہنے کیلئے وفاقی حکومت اور عالمی اداروں کی فکری رہنمائی اور مالی مدد کی ضرورت ہے**

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ مفاد خلق کو ملکی اور صوبائی سطح پر تشکیل دیئے والی تمام پالیسیوں اور منصوبوں کا محور........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 9 پر

ومرکز بنا کر ہی ہم پسماندگی سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں اس ضمن میں عوام کے ذہنوں سے احساس محرومی دور کرنے کیلئے ہمیں عوامی سطح پر عملی اقدامات اٹھانے ہونگیں خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین سینٹ آف پاکستان محمد صادق سنجرانی سے گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے جمعرات کے روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا

Balochistan Time Quetta

# Centre must help Balochistan tackle financial woes: Governor

**Staff Report**

**ISLAMABAD**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar has said that we can get rid of backwardness only by making the interests of the people the center of all policies and projects at the national and provincial levels.

In this regard, we have to take practical measures at the public level to remove the feeling of deprivation from the minds of the people. He expressed these views while talking to Chairman Senate of Pakistan Muhammad Sadiq Sanjrani during the meeting of Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar in the federal capital Islamabad on Thursday.

Awami National Party Senator Nawabzada Arbab Farooq Kasi, Senator Abdul Qadir and Member of National Assembly Khalid Magsi were also present on this occasion. During the meeting, issues of mutual interest including political and economic changes in the region, law and order situation, ongoing development projects in the province and promotion of higher education were discussed. Both the leaders have expressed their satisfaction that there is a good relationship between the center and the provinces at present, but they need to be made more stable.

On this occasion, Governor Balochistan said that we need the intellectual guidance and financial support of the federal government and international institutions to keep pace with the demands of the modern world. He said that bright future of Pakistan is related to Balochistan and only Balochistan can provide us access to Central Asia.

It may be recalled that Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar had also stressed making people skilful for their secure future. He expressed these views while receiving the briefing about the initiatives taken under the Benazir Income Support Programme at Governor House, Quetta. The governor, speaking on the occasion, said that the main objective of BISP was to bring the people above the poverty line and to improve their quality of life.

"Financial assistance to the deserving people helps to resolve their immediate problems, but there is a need for the permanent rehabilitation of these people. To improve their condition, systematic steps should be taken to make them givers instead of takers," he stressed.

The governor urged the relevant authorities to make the process more transparent for the people in accordance with the real purpose of the BISP. He also appreciated the role of Benazir Income Support Programme in helping the flood victims. The governor added that the vacant seats of Balochistan in the BISP should be filled with the people of the province as soon as possible and it must be expanded to the level of the tehsil of the province

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 05 MAY 2023 Page No: 2

## وزیر اعلیٰ نے محکمہ زراعت میں چار سطحوں کے سروس ڈھانچے کے تعارف کی منظوری دیدی

زراعت توسیع میں فور ٹائر سروس سٹرکچر متعارف کرایا جائے گا، تکنیکی عملے کے کیریئر میں مناسب اضافہ ہوگا

### بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو کی فعالی کیلئے 72.864 ملین روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ بھی منظور

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ زراعت میں چار سطحوں کے سروس ڈھانچے کے تعارف جس میں (توسیع، انجینئرنگ اور ریسرچ ونگ) شامل ہے سے متعلق سمری کی منظوری دے دی جس کے بعد محکمہ زراعت (توسیع، انجینئرنگ اور ریسرچ ونگ) میں فور ٹائر سروس سٹرکچر متعارف کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ زراعت کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر دی واضح رہے کہ محکمہ زراعت اور کوآپریٹیو کے ناقص درجہ بندی کے سروس اسٹرکچر کی وجہ سے محکمے کے پیشہ ور عملے میں جمود اور احساس محرومی تھی اور انکی صلاحیتوں میں اضافہ نہیں ہو رہا تھا اور محکمہ زراعت و کوآپریٹیو میں کمزور اور ناقص درجہ بندی اس محکمے کو متحرک اور منظم بنانے میں سب سے بڑی رکاوٹ تھی سروس سٹرکچر کے 4 درجات کے بعد تکنیکی عملے کے پیشہ ورانہ کیریئر میں مناسب اضافہ ہو سکے گا جس میں زراعت کی توسیع، انجینئرنگ، تحقیق میں ملازمت کرنے والے ہر زراعت پیشہ ور کو BPS-20 تک عمودی ترقی کا مناسب موقع ملے گا۔ اس سے ملازمین کے لیے اپنی صلاحیتوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے اور نکھارنے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو کی فعالی کے لیے 72.864 ملین روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ کی فراہمی کی منظوری دے دی وزیر اعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر دی مفاد عامہ کے اس کام سے ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی ٹریفک انجینئرنگ بیورو کا یہ منصوبہ ایک عوامی مفاد کا منصوبہ ہے جو کہ عرصہ دراز سے زیر التوا رہا ہے اور یہ پہلی صوبائی حکومت ہے کہ جس میں وزیر اعلیٰ نے اس منصوبے پر سنجیدگی سے عمل کرنے کے احکامات جاری کیے ہے ٹریفک انجینئرنگ بیورو کے قیام سے کوئٹہ میں ٹریفک کے نظام میں ایک نمایاں اور انقلابی تبدیلی آئے گی اور اس منصوبے پر عمل درآمد ہونے سے کوئٹہ شہر کی بے ہنگم ٹریفک کو روانی ملے گی اور عوام کے قیمتی وقت کی بچت ہوگی۔

---

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو کی فعالی کیلئے کروڑوں روپے کی گرانٹ منظور

وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے ارسال کی جانے والی سمری منظور کر لی ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی

72.864 ملین روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ سے منصوبے پر عمل درآمد ہونے سے کوئٹہ شہر کی بے ہنگم ٹریفک کو روانی ملے گی اور عوام کے قیمتی وقت کی بچت ہوگی

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ زراعت میں چار سطحوں کے سروس ڈھانچے کے تعارف (توسیع، انجینئرنگ اور ریسرچ ونگ) سے متعلق سمری کی منظوری دے دی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو کی فعالی کے لیے 72.864 ملین روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ کی فراہمی کی منظوری دے دی وزیر اعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے ارسال کی جانے و......

بقیہ 4 صفحہ نمبر 9 پر

الی ایک سمری پر دی مفاد عامہ کے اس کام سے ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی ٹریفک انجینئرنگ بیورو کا یہ منصوبہ ایک عوامی مفاد کا منصوبہ ہے جو کہ عرصہ دراز سے زیر التوا رہا ہے اور یہ پہلی صوبائی حکومت ہے

## اقتدار کا مقصد عوام کی خدمت کرنا ہے، مولانا عبدالواسع

**فتنے کی سیاست ختم کرنے کیلئے ہر حد تک جائیں گے، کارکنوں سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت بلوچستان کے امیر ووفاقی وزیر ہاوسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ اقتدار آنی جانی چیز ہے ہمارا اصل مقصد عوام کی خدمت کرنا ہے وفاقی حکومت ملکی معیشت کو بہتر کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کررہی ہے حکومت کی مثبت پالیسیوں کی وجہ سے ملک ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا جمعیت کے کارکن پارٹی کے آئین پر چل کر کام کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے قلعہ سیف اللہ اور کوئٹہ میں پارٹی کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا وفاقی وزیر نے کہا کہ اس وقت ایک فتنے کی وجہ سے ملک میں بحران پیدا کیا ہے مگر ہم اس فتنے کی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے اور اس فتنے کی سیاست کو ختم کرنے کیلئے ہر حد تک جائینگے ملکی ادارے آئین کی پاسداری کریں اور جن سیاسی جماعت نے عام انتخابات میں کروڑوں روپے کے عوض جن لوگوں کو ٹکٹ دیا گیا ہے اس کا نوٹس لیا جائے ورنہ آنے والے دور میں ہم کسی کو بھی معاف نہیں کرینگے۔

MASHRIQ QUETTA

## پاراچنار اپر کرم سکول میں اساتذہ پر فائرنگ قابل مذمت ہے، ضیاء اللہ لانگو

**اساتذہ کی درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا ہے، وزیر داخلہ**

**شہداء کیلئے دعا، سرحد پار سے اس طرح کے واقعات کا ہونا باعث تشویش ہے، اظہار خیال**

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے پاراچنار اپر کرم سکول میں اساتذہ پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی تمام عوام شہداء کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں سوشل میڈیا پر جاری کردہ اپنے بیان میں ا........

بقیہ 39 صفحہ نمبر 9 پر

نہوں نے کہا ہے کہ اپنے ناپاک مقاصد کے حصول کے لیے اساتذہ کو بے دریغ قتل کرنے والوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں، معصوم اور نہتے لوگوں پر حملہ کرنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں اس طرح کے حملے دشمن کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ واقعہ دلخراش ہے سرحد پار سے اس طرح کے واقعات کا ہونا باعث تشویش ہے وزیر داخلہ کی شہید اساتذہ کی درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کے لیے دعا کی ہے۔

## عوامی خدمت اور مسائل حل کرنا کسی عبادت سے کم نہیں ہے، مبین خان خلجی

**تحریک انصاف اقتدار میں آ کر عوام کو ریلیف مہنگائی کا خاتمہ اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے بھرپور کوشش کرینگے، صوبائی وزیر معدنیات**

**بے شمار ترقیاتی کام کرنے سے علاقے کی تقدیر بدل دینگے اور آنے والے الیکشن میں عوامی مسائل کے بنیاد پر عوام کے پاس جا کر ووٹ حاصل کرینگے**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر و صوبائی وزیر معدنیات مبین خان خلجی نے کہا ہے کہ عوامی خدمت اور مسائل حل کرنا کسی عبادت سے کم نہیں ہے عوام کے مسائل حل کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے بے شمار ترقیاتی کام کرنے سے علاقے کی تقدیر بدل دینگے اور آنے والے الیکشن میں عوامی مسائل کے بنیاد پر عوام کے پاس جا کر ووٹ حاصل کرینگے کوئٹہ شہر کی آبادی کم کرنا بدقسمتی ہے اس پر بھرپور آواز اٹھائینگے یہ بات انہوں نے اے این این سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی پاکستان تحریک انصاف کارکردگی کی بنیاد پر روز بروز بڑھنے کی طرف جاری ہے اور عوام جوق در جوق پارٹی میں شامل ہورہے ہیں وفاقی حکومت میں شامل جماعتیں عمران خان کے ڈر کی وجہ سے نہ حکومت چھوڑ سکتے ہیں اور نہ ہی چلا سکتے ہیں درمیان میں عوام کو متاثر کررہی ہے اور کل دس روپے والی چیز آج دوسو روپے میں مل رہی ہے جو مہنگائی کی ریکارڈ ہے اور اس مہنگائی سے نہ صرف غریب بلکہ سرمایہ کار طبقہ بھی متاثر ہورہی ہے تحریک انصاف اقتدار میں آ کر عوام کو ریلیف مہنگائی کا خاتمہ اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے بھرپور کوشش کرینگے

## کیسکو کے لاپتہ ڈرائیور کی بازیابی یقینی بنائی جائے، ہاشم نوتیزئی

### وفاقی وزیر مملکت کی ہائیڈرو یونین سے گفتگو، وفد نے مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی محمد ہاشم نوتیزئی نے کہا ہے کہ واپڈا اور کیسکو کے مزدوروں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے ہمارے دروازے مزدوروں کیلئے ہمیشہ کھلے رہیں گے یہ بات انھوں نے آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے مرکزی جوائنٹ صدر/صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی، وائس چیئرمین عبدالباقی لہڑی اور جوائنٹ سیکرٹری محمد یار علی زئی پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی وفد نے وفاقی وزیر سے گزشتہ روز چیف ایگزیکٹو آفس کیسکو کوئٹہ میں ملاقات کی اس موقع چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو عبدالکریم جمالی، کیسکو انتظامیہ کے اعلیٰ حکام اور بورڈ آف ڈائریکٹر کیسکو کے ارکان غلام نبی مری اور عطاء اللہ مینگل بھی موجود تھے وفاقی وزیر نے بورڈ آف ڈائریکٹر کیسکو، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو اور کیسکو کے دیگر اعلیٰ حکام کو ہدایت جاری کی کہ وہ کیسکو کے لاپتہ ملازم کی بازیابی اور گرفتار ملازم کی رہائی کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے فوری طور پر کارکنوں کیلئے اقدامات اٹھائیں اور کیسکو حکام ان ملازمین کے لواحقین سے ملاقات کرکے ان کی مشکلات معلوم کرکے ان کی دادرسی کریں قبل ازیں وفد نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ 19 اپریل و دوران کام بچلاک بائی پاس کے قریب سے جی ایس او کیسکو کوئٹہ ڈویژن کا ڈرائیور عبداللہ لاپتہ ہے جس کیلئے یونین نے وزیر اعظم، وفاقی وزارء، وفاقی سیکرٹری، گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری اور آئی جی پولیس کو اطلاع دی ہے واقعہ کی ایف آئی آر بھی درج کی گئی ہے۔ لیکن تاحال کیسکو کا کارکن بازیاب نہیں ہوا ہے چند دن پہلے پرائیویٹ کام کرنے والا ایک شخص کرنٹ سے ہلاک ہوگیا۔ جس کی ایف آئی آر 132KV باغبانہ گرڈ اسٹیشن کے ایک SSO کے خلاف درج کرکے انہیں گرفتار کیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ کیسکو ہیڈ آفس میں مینار شہداء پر شہید 130 کارکنوں کے نام درج ہیں آئے روز بااثر افراد اور بجلی چوروں کی طرف سے کیسکو کے کارکنوں کو دوران ڈیوٹی اغوا، حبس بے جا میں رکھنے اور مار پیٹ کا سامنا کرنا پڑتا رہتا ہے۔ اب نوبت یہاں تک پہنچی ہے کہ ایف آئی آر بھی کارکنوں کے خلاف درج ہورہی ہے ایسے واقعات میں کیسکو کے اعلیٰ حکام کے خلاف ایف آئی آر درج ہوئی ہے اور نہ ان میں سے کوئی شہید ہوا ہے اور نہ ہی انہوں نے لاپتہ کارکن اور بے گناہ جیل میں قید کارکن کیلئے کوئی عملی اقدام اٹھایا ہے ان واقعات کی وجہ سے ملک بھر اور کیسکو بلوچستان کے مزدوروں میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے کیسکو کے کارکن کسی بھی وقت کام سے بائیکاٹ کرسکتے ہیں جب تک ان کے ساتھی کارکن کی بازیابی اور قید میں بند کارکن کو رہائی نہیں مل جاتی۔

## دشمن ہمارے اساتذہ کو شہید کرکے اپنی بزدلی کا ثبوت دے رہا ہے، صوبائی وزراء

### معصوم اور نہتے لوگوں پر حملہ کرنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، ضیا لانگو، سردار کھیتران کا اظہار مذمت

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کا پاراچنار کرم سکول میں اساتذہ پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے وزیر داخلہ میر ضیاء کا کہنا تھا کہ دشمن اپنے ناپاک مقاصد کے حصول کے لیے اساتذہ کو بے دریغ قتل کروا رہے ہیں جبکہ ان دشمنوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں ہیں اور پورے بلوچستان کے عوام دکھ کی اس گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ معصوم اور نہتے لوگوں پر حملہ کرنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں۔ اس طرح کے حملے دشمن کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہیں اس دلخراش واقعہ جتنی مذمت کی جائے کم ہے سرحد پار سے اس طرح کے واقعات کا ہونا باعث تشویش ہیں وزیر داخلہ کی شہید اساتذہ کی درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کے لیے دعا بھی کی۔ دریں اثناء وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران نے فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت اور شہید اساتذہ کے لواحقین سے اظہار ہمدردی اور تعزیت کی ہے انہوں نے کہا کہ دشمن ہمارے اساتذہ کو شہید کرکے اپنی بزدلی کا ثبوت دے رہے ہیں دہشتگرد ہمارے مذہب، ہمارے بچوں کی تعلیم اور ملک دشمن ہیں جنہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا تعلیم دینا ایک عظیم پیشہ ہے جسے دنیا میں ہر جگہ اور ہر مقام پر عزت حاصل ہے لیکن یہ دہشتگرد ان کے بھی دشمن ہیں؛ وزیر مواصلات سردار عبدالرحمن کھیتران نے شہید اساتذہ کی درجات کی بلندی اور لواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعا بھی کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 | DATE: 05 MAY 2023 | Page No: 6

## گیس بل اضافی چارجز

# بلوچستان ہائیکورٹ نے صدر، وزیراعظم، گورنر اور وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹریز کو طلب کر لیا

گورنر، وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری گیس کا معاملہ وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کے ساتھ اٹھائیں، گیس کمپنی کسی بھی صارف کو گیس سے محروم نہ رکھیں

**عدالت نے یکم جون 1954ء کے معاہدے کی تفصیلات اور ڈومیسٹک گیس کنزیومرز سے متعلق فکسڈ ریٹ سے متعلق پروپوزل طلب کرلی**

کوئٹہ (یو این اے) گیس کی بلوں میں اضافی چارجز میٹر چارجز سے متعلق بلوچستان ہائی کورٹ نے اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرل ،وزیراعظم ،وزیراعلیٰ، گورنر کے پرنسپل سیکرٹریز سمیت 25 حکام کو 15 جون کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ گورنر، وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری گیس کا معاملہ وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کے ساتھ اٹھائیں، گیس کمپنی کسی بھی صارف

بقیہ نمبر 8 1 صفحہ 7 پر

کو گیس سے محروم نہ رکھیں یکم جون 1954ء کو ہونے والے معاہدے سے متعلق تفصیلات اور چیئرمین اوگرا ڈومیسٹک گیس کنزیومرز سے متعلق فکسڈ ریٹ سے متعلق پروپوزل پیش کرے۔ یہ حکم بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس جناب جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس جناب جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل ڈویژنل بینچ نے درخواست گزار سید نذیر آغا ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر آئینی درخواست کی سماعت پر جاری تحریری آرڈر میں دیا بینچ نے تحریری حکم میں اٹارنی جنرل آف پاکستان، ایڈیشنل اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرل، ایڈووکیٹ جنرل، ایس این جی پی ایل کے عدنان اقبال بیچ، درخواست گزار سید نذیر آغا، ایم ڈی سوئی گیس کارپوریشن کے وکلاء، اشفاق ناصر ایڈووکیٹ، نادر علی چھلگری ایڈووکیٹ، سوئی سدرن بورڈ کے وکیل عدنان بشارت، ایم پی پی ایل کے سید جمیل آغا، وزیراعظم کے پرنسپل سیکرٹری، وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری، گورنر کے پرنسپل سیکرٹری، سیکرٹری پیٹرولیم اور قدرتی وسائل، ڈی جی (گیس) محکمہ ازتی، چیف سیکرٹری بلوچستان، صوبائی محکموں صحت، خزانہ، ایس اینڈ جی اے ڈی کے سیکرٹریز، جی ایم این ایچ اے، جی ایم ایس ایس جی سی چیف انجینئر پی ایچ اے، جی ایم ایس ایس جی سی، ڈی ایم بیجنگ، ایگزیکٹو آفیسر کنٹونمنٹ بورڈ، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کو نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے 15 جون کو ان پرسن پیش ہونے کا حکم دیا۔ تحریری حکم میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو حکم دیا گیا کہ وہ متعلقہ حکام سے یکم جون 1954ء کو ہونے والے معاہدے سے متعلق تفصیلات لیکر پیش کرے چیئرمین اوگرا ڈومیسٹک گیس کنزیومرز سے متعلق فکسڈ ریٹ سے متعلق پروپوزل پیش کرے تحریری حکم میں کہا گیا ہے کہ عدالت نے ایم ڈی سوئی ... [illegible]

[illegible]

... تک کسی بھی کنزیومر کی گیس منقطع نہ کی جائے

# بلوچستان کی دس شاہراہوں پر چیک پوسٹیں قائم کردیں، چیئرمین ایف بی آر

گزشتہ چار دنوں کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں سے 80 کروڑ کا سامان پکڑا، چینی اور آٹا افغانستان سمگل ہو رہا ہے

**موبائل فونز اور گاڑیوں پر عائد ریگولیٹری ڈیوٹی ختم کردی، انسداد سمگلنگ ایجنسیوں کے اختیار میں اضافہ کیا ہے، صحافیوں سے بات چیت**

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ایف بی آر نے کہا ہے کہ سمگلنگ متعلق کچھ ایجنسیوں کو اختیارات تھے جو محدود تھے، بارڈر ایریاز اور بلوچستان کی دس ہائی ویز تک دائرہ کار بڑھایا گیا۔ چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے ڈائریکٹوریٹ جنرل کسٹم انٹیلی جنس

بقیہ نمبر 3 2 صفحہ 7 پر

کا دورہ کیا جس دوران چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے ملک میں جاری اینٹی سمگلنگ آپریشن متعلق بریفنگ دی۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ اپریل کے شروع میں ایک کمیٹی وزیراعظم کی طرف سے بنائی گئی، چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ کمیٹی کا مقصد ایف بی آر آپریشن میں تیزی لانا تھی، اینٹی سمگلنگ آپریشن کی موثر انداز میں نہ ہونے کی کئی وجوہات تھیں۔ عاصم احمد نے کہا کہ سمگلنگ متعلق کچھ ایجنسیوں کو اختیارات تھے جو محدود تھے بارڈر ایریاز اور بلوچستان کی دس ہائی ویز تک دائرہ کار بڑھایا گیا۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ہر ایجنسی اپنے بجٹ پیدا کرے اس کی بجائے وسائل شیئر کیے گئے

# مولانا ہدایت الرحمن ضمانت کیس، سپریم کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کردیئے

ملزم کے کیس کا کیا بنا، یہ تحریک تھی کیا، پانی مانگنا آپ کا حق ہے آپ کال دے کر لوگوں کو بلاتے ہیں توڑ پھوڑ کرتے ہیں یہ بھی تو دیکھیں، جسٹس سردار طارق مسعود

**مولانا گوادر میں پانی کی تحریک کو لیڈ کر رہے تھے قتل کے واقعہ سے تعلق نہیں، ہم صرف پانی مانگ رہے تھے، وکیل، سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی**

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے گوادر حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمان کی درخواست ضمانت پر سماعت کے موقع پر حکومت بلوچستان سمیت فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے ہیں۔ عدالت عظمیٰ میں درخواست ضمانت کی سماعت جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے کی۔ دوران سماعت جسٹس سردار طارق مسعود نے پوچھا کہ ملزم کے کیس کا کیا بنا؟ یہ تحریک تھی کیا؟ جس پر ملزمان کے وکیل کامران مرتضیٰ نے عدالت کو بتایا کہ ملزم گوادر میں پانی کی تحریک کو لیڈ کر رہا تھا، قتل کے واقعہ سے ہدایت الرحمن کا تعلق نہیں، ہم صرف پانی

بقیہ نمبر 5 3 صفحہ 7 پر

مانگ رہے تھے۔ جسٹس سردار طارق نے اس موقع پر ریمارکس دیئے کہ پانی مانگنا آپ کا حق ہے، آپ کال دیکر لوگوں کو بلاتے ہیں، توڑ پھوڑ کرتے ہیں، املاک کو نقصان پہنچاتے ہیں، یہ بھی تو دیکھیں۔ سپریم کورٹ نے اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان کی درخواست پر بلوچستان حکومت سمیت فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے معاملہ غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردیا ہے۔ پولیس نے مولانا ہدایت الرحمان کو پولیس کانسٹیبل یاسر علی کے قتل کے الزام میں گرفتار کر رکھا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 05 MAY 202[illegible] Page No: 7


# نوجوانوں کو تعلیم و ہنر سے آراستہ کرکے حیران کن نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں، آسٹریلین ہائی کمشنر

## بلوچستان کے طلباء ہماری جامعات کے وظائف سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، کسی بھی معاشرے کی ترقی کے لئے عام لوگوں کی بہتری اور بہبود لازم ہے، نیل ہاؤکنز

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں تعینات آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاؤکنز نے کہا ہے کہ ہماری خواہش ہے کہ بلوچستان کے طلباء ہماری جامعات کے وظائف سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، کسی بھی معاشرے کی ترقی کے لئے عام لوگوں کی بہتری اور بہبود انتہائی لازم ہے، مسائل بات چیت کے ذریعے ہی بہترین حل تک پہنچتے ہیں، یہ بات انہوں نے گذشتہ روز بیوٹمز کے دورے کے موقع پر طلبا اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا پاکستان کے ساتھ بہترین تعلقات اور روابط کی پالیسی پر عمل پیرا ہے آسٹریلیا پاکستان اور بلوچستان میں تعلیم، لائیو سٹاک زراعت، آبی وسائل سمیت دیگر شعبوں میں تعاون اور منصوبے جاری رکھے ہوئے ہے، پاکستانی قوم اور آسٹریلوی قوم کے درمیان بہت سے مشترک پہلو ہیں، جن میں کرکٹ سرفہرست ہے، بلوچستان پاکستان اور خطے کے امن اور معیشت کے لیے انتہائی اہم ہے، یہاں کے نوجوانوں کو تعلیم اور ہنر سے آراستہ کرکے حیران کن نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ بیوٹمز میں تعلیمی سہولیات بہترین ہیں جس سے استفادہ کرکے طلباء علم کے زیور سے آراستہ ہورہے ہیں، آسٹریلین ہائی کمشنر نے طلباء کو آسٹریلوی جامعات میں تعلیمی وظائف پر معلومات فراہم کیں، قائم مقام وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر عبدالرحمن خان نے آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاؤکنز کا بیوٹمز آمد پر شکریہ ادا کیا اور یادگاری شیلڈ پیش کی، دورہ بیوٹمز کے موقع پر آسٹریلین ہائی کمشنر کی سربراہی میں وفد نے بیوٹمز میں قائم پاک چین اقتصادی راہداری سنٹر آف ایکسی لینس کیپٹل انکیوبیشن سینٹر سمیت بیوٹمز کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا جبکہ قائم مقام وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر عبدالرحمن خان نے آسٹریلین ہائی کمشنر کو بیوٹمز کی تعلیمی تحقیقی اور انتظامی امور پر جامعہ بریفنگ دی، قائم مقام وائس چانسلر نے کہا کہ انسان کی زندگی میں تعلیم کا مقام بہت اونچا ہے۔ تعلیم ہی ہے جو ہماری طرز زندگی کے معیار کو اعلیٰ بنا سکتی ہے۔ ہمیں اگر خود کو مضبوط بنانا ہے تو تعلیم کو بطور ہتھیار اپنانا ہوگا۔ ہمارا یہ قدم نہ صرف ہمارے لئے ترقی کا باعث بنے گا، بلکہ ملک بھی ترقی کی راہ میں نئی منزلیں طے کر سکے گا۔ معیاری درسگاہیں نہ صرف فروغ تعلیم کا ذریعہ بنتی ہیں بلکہ ملک کو مختلف شعبوں میں بہترین افرادی قوت بھی فراہم کرتی ہیں تعلیم پر توجہ دینے والی قومیں ہی ترقی کی منازل طے کرتی ہیں، اور بیوٹمز یہ کام بخوبی کررہی ہے۔

# کوئٹہ میں منی پٹرول پمپس کیخلاف کریک ڈاؤن، 8 سیل، 3 کارندے گرفتار

## ضلعی انتظامیہ کی اسپنی روڈ پر کارروائیاں، اکثر پمپس کا گیج بھی کم، حفاظتی انتظامات نہ ہونے سے ناخوشگوار حادثات جنم لے رہے ہیں، اے سی عطا المنعم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کا منی پٹرول پمپس کیخلاف کریک ڈاؤن 8 پمپس سیل کرکے 3 کارندے گرفتار کر لئے۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی عطا المنعم نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے اسپنی روڈ پر 8 منی پٹرول پمپس سیل کر دیئے جبکہ تین افراد کو گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا گیا۔ اس موقع پر اے سی سٹی کا کہنا تھا کہ غیر قانونی پٹرول پمپس کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی صوبے کے معاشی حالات کے تناظر میں ایرانی پٹرول کی خرید و فروخت میں نرمی کی گئی تھی لیکن منی پٹرول پمپس اب اس نرمی کا غلط فائدہ اٹھا رہے ہیں اکثر پمپس کا نہ صرف گیج کم ہے بلکہ مہنگے داموں پٹرول فروخت کرکے متوسط و غریب طبقے کے عوام کو لوٹا جارہا ہے جبکہ منی پمپس پر حفاظتی اقدامات کا بھی خیال نہیں رکھا جارہا جس سے ناخوشگوار واقعات بھی جنم لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ اب ایرانی پٹرول کے کاروبار سے منسلک افراد سے کوئی رعایت نہیں کی جائیگی اور ان کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کیا جائیگا اور ضلعی انتظامیہ کی کارروائیوں کا سلسلہ مستقل طور پر جاری رہے گا۔

# کوہلو: مون سون بارشیں، ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس، پیشگی حفاظتی اقدامات

## ہر تحصیل میں کنٹرول روم قائم، ملازمین کی چھٹیاں منسوخ، تمام محکمے باہمی روابط قائم کریں، اعجاز احمد جعفر کی ضلعی آفیسران کو ہدایت

کوہلو (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز احمد جعفر کی زیر صدارت مون سون بارشوں کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال اور ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے اجلاس منعقد ہوا جس میں ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عمران نذیر، اسسٹنٹ کمشنر ماوند سلطان ناصر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر گہور خان مری، ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر اصغر مری، ڈی ایس پی غلام رسول کھیتران، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن حفیظ اللہ مری، تحصیلدار ماوند/کاہان وڈیرہ شاہنواز مری، نائب تحصیلدار کوہلو جلال مری، ایکسین پی ایچ ای حنیف زرکون، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر حضرت بلال شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت میر دل ملک مری و دیگر نے شرکت کی اجلاس میں مون سون بارشوں کے دوران حفاظتی اقدامات اور منصوبہ بندی کے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال ہوا ڈپٹی کمشنر اعجاز احمد جعفر نے مون سون بارشوں کے نئے سپیل کے نقصانات سے بچاؤ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لانے اور ممکنہ نقصانات سے نمٹنے کے لیے موثر اقدامات اور ہمہ وقت تیار رہنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے ایک دوسرے کے ساتھ باہمی روابط کو فروغ دیں اور تسلسل ضلع کی مجموعی صورتحال پر نظر رکھیں ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ ندی نالوں میں غیر قانونی تجاوزات، صفائی اور ڈیموں کے متعلق جلد تفصیلی رپورٹ بنا کر آگاہی دی جائے ندی نالوں، سیلابی ریلوں کے راستے آبادی کو محفوظ بنانے کے لئے حفاظتی بندات اور دیواریں تعمیر کی جائیں ڈپٹی کمشنر نے ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران کی غیر موجودگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران کو فوری طلب کیا جائے اور ڈیموں کی صورتحال، اسپیل وے سے پانی کے اخراج و دیگر امور سے متعلق فوری بریفنگ دی جائے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے شرکاء کو گزشتہ سال کے سیلابی ریلوں اور بارشوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات سے آگاہی دی ڈپٹی کمشنر اعجاز احمد جعفر نے کہا کہ ضلع کی ہر تحصیل میں کنٹرول روم قائم ہسپتالوں اور مراکز صحت میں اسٹاف کی حاضری یقینی بنائی ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ فوری طور پر اسٹاف کی چھٹیوں کو منسوخ کرکے ان کی حاضری کو یقینی بنائی جائے تمام متعلقہ محکمے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو آپریشن کے لئے الرٹ اور مشینری کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2 DATE: 05 MAY 2023 Page No: 8

# صحت دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری
# 20 سے زائد خوراک مراکز کو جرمانے

## مختلف علاقوں میں کارروائیاں، بیکنگ یونٹ سمیت 8 مراکز کے خلاف ایکشن، ایکسپائری تاریخ نہ ہونے، سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی جاری تھی

## 2 سپر سٹورز، 2 جنرل سٹورز، 1 میٹ شاپ، 1 بیکری اور 1 بریانی شاپ شامل، میٹ شاپ میں صفائی کی صورتحال ابتر، مالکان کو فوڈ لائسنس حاصل کرنیکی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ناقص خوراک تیار وفروخت کرنے والے صحت دشمن عناصر کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس ضمن میں بی ایف اے کی انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 20 سے زائد خوراک کے مراکز پر جرمانے عائد کردیے۔ سرکی روڈ وملحقہ علاقوں میں فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 3 بیکنگ یونٹ سمیت 8 مراکز کے خلاف ایکشن لیا گیا، بیکنگ یونٹس میں صفائی کے انتظامات ناقص اور اشیاء پر مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تواریخ ظاہر نہیں کی گئی تھیں، پروڈکشن میں ناقص وزائد المعیاد اجزاء کی آمیزش کا سلسلہ جاری تھا جبکہ مشینری آلودہ وزنگ آلود پائی گئی۔ دوران معائنہ لائسنس نہ ہونے اور چائنیز نمک، ایکسپائرڈ مصالحے اور غیر معیاری رنگ فروخت کرنے پر 2 مصالحہ شاپس جبکہ زائد المعیاد پیکٹ دودھ وپان پراگ کی موجودگی پر 1 جنرل اسٹور کے خلاف ایکشن لیا گیا۔ مزید برآں فیصل ٹاؤن اور ہزارہ ٹاؤن میں مختلف مراکز سے زائد المعیاد خوردنی مصنوعات کی بڑی مقدار برآمد ہوئی، ایکسپائرڈ اشیاء ضبط جبکہ ان کی فروخت سمیت مختلف وجوہات پر 7 مراکز پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے جن میں 2 سپر اسٹورز، 2 جنرل اسٹورز 1 میٹ شاپ، 1 بیکری اور 1 بریانی شاپ شامل تھے۔ میٹ شاپ میں صفائی کی صورتحال ابتر اور فریزرز سے خراب وبدبودار گوشت ذخیرہ کیا گیا تھا، بیکری کو زائد المعیاد مصنوعات کی موجودگی اور بیکری آئٹمز پر مینوفیکچرنگ وایکسپائری تاریخیں ظاہر نہ کرتے جبکہ بریانی شاپ کو ایس او پیز کی خلاف ورزی اور بریانی میں ناقص ومضر رنگوں کی آمیزش پر جرمانہ کیا گیا۔ اسی طرح زائد المعیاد اشیاء کی موجودگی اور لائسنس کے بغیر خوراک کا کاروبار کرنے پر اسپنی روڈ اور بروری میں کھانے پینے کے 6 مراکز کو جرمانہ جبکہ 6 مراکز کو وارننگ نوٹسز جاری کیے گئے، جرمانہ کیے گئے مراکز میں بیکرز و جنرل اسٹورز، جوس کارنرز اور فاسٹ فوڈ پوائنٹس شامل تھے، دوران انسپکشن برآمد شدہ ایکسپائرڈ خوردنی مصنوعات موقع پر تلف جبکہ مراکز مالکان کو جلد از جلد بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے فوڈ بزنس لائسنس حاصل کرنے کی ہدایت کی گئی۔

# کمشنر و ڈی سی نصیرآباد کا پٹ فیڈر کینال کا دورہ

## مٹی نکالنے کے عمل کی نگرانی کی جائے تاکہ ڈھانچہ متاثر نہ ہو، بشیر احمد بنگلزئی

## بائی پاس روڈ بارے کنٹریکٹر کو درپیش مسائل حل کیے جائیں، عائشہ زہری کو ہدایت

نصیرآباد (خ ن) عوامی شکایت پر پٹ فیڈر کینال سے مٹی اٹھانے کے عمل پر کمشنر نصیرآباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی نے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری کے ہمراہ پٹ فیڈر کینال کا دورہ کیا کینال سے مٹی اٹھانے کے عمل کا جائزہ لیا اس موقع پر ایکس ای این پٹ فیڈر کینال محمد اسلم لونی نے کمشنر نصیرآباد ڈویژن کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پٹ فیڈر کینال کی تہہ میں کافی مٹی بیٹھ گئی ہے جسے نکالنے کے لیے محکمہ اریگیشن کی جانب سے متعلقہ افراد کو اجازت دی گئی ہے اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر نصیرآباد علی محمد ہاشمی اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی اسد اللہ سالارنی حاجی شاہد نواز بہرانی اور نور احمد ڈوکی سمیت دیگر آفیسران موجود تھے کمشنر نصیرآباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی نے ایکس ای این پٹ فیڈر کینال کو احکامات دیے کہ مٹی نکالنے کے عمل کی کڑی نگرانی کی جائے جس سے کینال سسٹم کا ڈھانچہ متاثر نہ ہو کینال کی پشتوں اور بھرم سے مٹی اٹھانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی غیر قانونی طریقے سے مٹی اٹھانے والوں کے خلاف ایکشن لیا جائے گا اگر کوئی محکمے کا بندہ ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف بھی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی بعد ازاں کمشنر نصیرآباد بشیر احمد بنگلزئی نے زیر تعمیر بائی پاس روڈ کے کام کا بھی جائزہ لیا اس موقع پر گورنمنٹ کنٹریکٹر حاجی شاہد نواز بہرانی نے کمشنر نصیرآباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی نے کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد عوام کی مشکلات میں کمی واقع ہونے کے ساتھ ساتھ شہر سے ٹریفک کے مسائل بھی حل ہو جائیں گے کمشنر نے ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کو احکامات دیے کہ بائی پاس روڈ کے حوالے سے گورنمنٹ کنٹریکٹر کے درپیش مسائل کے متعلق اقدامات کیے جائیں تاکہ حائل دشواریوں کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

## نوشکی میں چینی کی شدید قلت، فی کلو قیمت 2 سو روپے تک پہنچ گئی

**راہداری کے باوجود چینی اور آٹے کی گاڑیوں کو روکا گیا ہے، ڈیلروں کی گفتگو**

نوشکی (نامہ نگار) نوشکی میں چینی کی شدید قلت کے باعث شہریوں کو چینی کے حصول میں مصائب کا سامنا ہے جس کے باعث چینی فی کلو 160 روپے سے 200 روپے تک بلیک میں فروخت ہورہی ہے چینی کے ڈیلروں نے جنگ کو بتایا ڈی سی نوشکی کے پرمٹ راہداری کے باوجود دند میں ہماری گاڑیوں کو روکا گیا ہے کسٹم حکام بھی اپنی من مانی کررہے ہیں اسی طرح آٹے کی گاڑیوں کو آنے نہیں دیا جارہا جس سے آٹا خراب ہونے کا خدشہ ہے دوسری جانب نوشکی کے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ نوشکی میں چینی اور آٹے کا بحران ختم کرنے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں۔

## قلعہ سیف اللہ: سیلاب متاثرین کے فنڈز سیاسی بنیادوں پر تقسیم

**حقداروں میں مایوسی**

**این جی اوز کی طرف سے بھی بااثر افراد کو نوازا کیا گیا، ٹیوب ویل اور مکانات کے فنڈز دوسرے علاقوں کو منتقل، نوٹس لیا جائے، حقیقی متاثرین**

قلعہ سیف اللہ (نامہ نگار) گزشتہ سال کے سیلاب متاثرین کے فنڈز سیاسی بنیادوں پر تقسیم، ٹیوب ویل اور پکے مکانات کی تعمیر کے فنڈز بھی دوسرے علاقوں کو منتقل کرنے کا خدشہ، حقیقی سیلاب متاثرین مایوس، ناانصافی پر سیاسی جماعتیں بھی خاموش، سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے کام کرنے والی مختلف این جی اوز نے بھی حقیقی سیلاب متاثرین کو سروے میں شامل کرنے کے بجائے ماہوار کونہ سیاسی جماعتوں اور بااثر افراد کو دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ سال آنے والے سیلابی ریلوں سے علاقے کے عوام کو بڑے پیمانے پر نقصانات پہنچے وزیراعظم کے علاوہ دیگر حکام نے بھی متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا مختلف این جی اوز نے بھی متاثرین کی بحالی کے نام پر اربوں روپے کے پیکیج حاصل کئے باقاعدہ یہاں پر دفاتر کھول دیئے متاثرین کو ماہوار نقد رقم دینے کے علاوہ مکانات کی تعمیر سمیت دیگر مختلف پیکیجز کے تحت اربوں روپے کے فنڈز حقیقی سیلاب متاثرین اور غربا کو دینے کے بجائے سیاسی بنیادوں پر تقسیم کئے گئے ستم ظریفی تو یہ ہے کہ متاثرین کے ٹیوب ویل اور مکانات ایک اہم سیاسی شخصیت کے ایما پر دوسرے علاقوں کو منتقل کرنے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے متاثرین کے رہنماؤں حاجی عبداللہ صابر اسلم خان و دیگر نے جنگ کو بتایا کہ ہمارے علاقے کے فنڈز مذہبی سیاسی جماعت کے علاقے کو منتقل کئے گئے جس کی وجہ سے سیلاب متاثرین اور غربا میں شدید تشویش پائی جاتی ہے متعلقہ حکام کو بھی آگاہ کیا گیا لیکن تاحال کوئی نوٹس نہیں لیا گیا انہوں نے کہا کہ ناانصافی کا سلسلہ برقرار رہا تو علاقے کے تمام سیلاب متاثرین سخت احتجاج پر مجبور ہونگے انہوں نے چیف سیکرٹری اور متعلقہ این جی اوز کے حکام بالا سے مطالبہ کیا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی کے فنڈز میں کرپشن کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کرکے ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## نواں کلی کلی شاہ عالم خستہ حال پل، معذور بچوں سے باپ کا سایہ چھین لیا

**حکومت، اپوزیشن، منتخب نمائندوں کی کارکردگی فوٹو سیشن تک محدود، عوام مایوس**

**کلی شاہ عالم پل سے متعلق باقاعدہ تحریری طور پر آگاہ کیا گیا مگر تاحال کوئی شنوائی نہ ہوسکی**



کوئٹہ (سٹی ڈیسک) نواں کلی کلی شاہ عالم کا خستہ حال پل ایک زندگی نگل گیا خستہ حال پل کی وجہ سے حادثات رونما ہونا معمول بن گیا صوبائی حکومت منتخب نمائندوں کی کارکردگی محض فوٹو سیشن تک محدود ہے چند مہینوں قبل سیلابی بارشوں کے باعث نواں کلی شاہ عالم کا پل بھی بہہ گیا جس کو پھر علاقہ مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت قابل استعمال بنایا لیکن حکومت اپوزیشن، منتخب نمائندوں کی جانب سے تاحال کوئی پیش رفت نہ ہوسکا گزشتہ روز ملا محمد عرف طلحہ آقا نامی بزرگ شخص پل سے گر کر جاں بحق ہوگئے جاں بحق شخص طلحہ آقا پانچ معذور بچوں کے واحد کفیل تھے جن کی چار بچیاں اور ایک لڑکا معذور ہے اور گھر کے واحد کمانے والے بھی تھے اس سلسلے میں نواں کلی کلی شاہ عالم کے مکینوں سیاسی سماجی شخصیت حاجی جان محمد سلیمان خیل محمد الیاس رحمت سلیمان خیل عبیداللہ نور محمد یوسفزئی اور دیگر نے کہا کہ صوبائی حکومت انتظامیہ سمیت ہر جگہ پر نواں کلی کلی شاہ عالم کے خستہ حال پل کی مرمت کے لئے بھاگ دوڑ کی گئی ہے باقاعدہ تحریری طور پر بھی آگاہ کیا گیا مگر تاحال کوئی شنوائی نہ ہوسکی انہوں نے کہا کہ عنقریب احتجاجی تحریک کا آغاز کیا جائے گا جس میں نواں کلی کے تمام غیور عوام شرکت کریں گے۔

## دالبندین، ضلع چاغی کے مختلف علاقوں میں آٹے کا بحران، عوام کو مشکلات

**آٹا چیک پوسٹوں پر روکنے کے خوف سے ڈیلرز بھی پریشان، ٹرانسپورٹرز بھی خوف سے آٹا لوڈ نہیں کرتے، مسئلے کا فوری طور پر نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے**

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین سمیت ضلع چاغی کے مختلف علاقوں میں آٹے کا شدید بحران، عوام کو مشکلات، ضلع چاغی کے ہیڈکوارٹر دالبندین کے مختلف آٹا ڈیلرز کے پاس آٹا ناپید ہوچکا ہے عوام شدید پریشانی سے دوچار ہیں اس وقت پچاس کلو آٹا آٹھ ہزار روپے میں بھی دستیاب نہیں ہے عوامی حلقوں نے سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے عجب معاملہ ہے کوئٹہ سے دالبندین تک آٹا چیک پوسٹوں پر روکنے کے خوف سے آٹا ڈیلرز بھی پریشان نظر آتے ہیں شہر کے اندر آٹے کی عدم فراہمی اور متعلقہ محکموں کی جانب سے آٹے کی ترسیل کو روکنا عوام کو بھوکا مارنے کے مترادف ہے تاجر برادری کا کہنا ہے کوئٹہ لک پاس پر کسٹم حکام گاڑیوں سے آٹا اتار دیتے ہیں جس کے سبب ٹرانسپورٹرز خوف سے آٹا لوڈ نہیں کرتے ہیں ضلعی انتظامیہ چاغی کا موقف ہے کہ ضلع چاغی کی جتنی ضرورت ہے ہم پرمٹ جاری کررہے ہیں ہماری طرف سے کوئی مسئلہ نہیں ہے انجمن تاجران کو طلب کرلیا جلد ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں مسئلے کو حل کیا جائے گا اعلیٰ حکام کو آگاہ کرینگے چاغی انتظامیہ کی جانب سے کسی بھی چیک پوسٹ پر آٹا نہیں روکا جارہا عوامی حلقوں نے کسٹم کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مسئلے کا فوری طور پر نوٹس لیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

DATE: 05 MAY 2023

Page No: 14


## تین سال میں 4 کروڑ خرچ خانوزئی سپورٹس سٹیڈیم نہ بن سکا

منصوبے پر دس لاکھ روپے کا کام بھی نہیں ہوا لیکن ایم پی اے کاریزات نے ٹھیکیدار سے ملکر سٹیڈیم کا افتتاح کر دیا

صوبائی پی ایس ڈی پی سکیمات کا مکمل جائزہ لیا جائے، عوامی حلقوں کا متعلقہ افسران اور ٹھیکیدار کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

خانوزئی (نامہ نگار عبدالحق وریا) خانوزئی سپورٹس سٹیڈیم تین سال پہلے ٹینڈر ہو چکا ہے چار کروڑ روپے کا منصوبہ التواء کا شکار دس لاکھ روپے کا کام نہیں ہوا۔ متعلقہ افسران اور ٹھیکیدار سے وجوہات معلوم کی جائے، ایم پی اے کاریزات خانوزئی کی دلچسپی ٹھیکیدار کے ساتھ ہے گزشتہ پانچ سال کے صوبائی پی ایس ڈی پی سکیمات کا مکمل جائزہ لیا جائے۔ تفصیل کے مطابق خانوزئی سپورٹس سٹیڈیم عرصہ تین سال سے پہلے ٹینڈر ہو چکا ہے پہلے مرحلے میں 2 کروڑ منظور ہو گئے جبکہ دوسرے مرحلے میں 2 کروڑ مزید منظور ہو گئے جبکہ ٹوٹل فنڈ چار کروڑ روپے منظور ہو گئے سٹیڈیم کا افتتاح ایم پی اے کاریزات نے کر دیا لیکن منصوبہ ابھی تک بنا ہی نہیں۔

## کوئٹہ میں پانی کی قلت، ٹینکر مافیا کا راج غریب عوام ارل گئے مہنگے پانی کی فروخت جاری

ٹینکر مافیا نے ایک بار پھر پانی کو عوام تک پہنچانے کیلئے رقم ڈبل کر دی اور 3 ہزار روپے فی ٹینکر فروخت کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا

متعلقہ حکام کی جانب سے ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کی گئی اور نہ ہی عوام کو سرکاری سطح پر پانی دینے کی پالیسی بن سکی، عوامی حلقے

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گرمی کی شدت میں معمولی اضافے کے ساتھ پانی کی قلت میں اضافہ، ٹینکر مافیا نے ایک بار پھر پانی کو عوام تک پہنچانے کیلئے رقم ڈبل کر دی اور 3 ہزار روپے فی ٹینکر فروخت کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ماضی کی طرح ایک بار پھر نہ تو متعلقہ حکام ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہیں اور نہ ہی عوام کو سرکاری سطح پر پانی دینے کی پالیسی بناتے ہیں حالانکہ بجٹ کے دوران دیگر محکموں کی طرح پانی کی مد میں بھی اربوں روپے مختص کرتے ہیں نہ جانے یہ رقم کہاں اور کون خرچ کر رہی ہے واضح رہے کہ اس وقت ایک بار پھر کوئٹہ شہر پانی کی قلت کے زد میں ہے اور ایسا لگتا ہے کہ گرمی کا موسم آنے سے قبل محکمہ واسا اور ٹینکر مافیا نے ملکر پروگرام بنادی ہے تاکہ اس دفعہ اگر کل دس کروڑ کماتے تھے اس دفعہ پچاس کروڑ روپے کمانے کی پالیسی بنادی اور فی ٹینکر تین ہزار روپے تک پہنچا دیا گیا سرکاری سطح پر کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں جو ٹیوب ویل ہے وہ مصنوعی طور پر خراب کر کے عوام کو سرکاری سطح پر ایک بوند پانی بھی نہیں دے رہی ہے عوامی حلقوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ پانی کی مد میں جو رقم مختص کی گئی وہ کہاں اور کس نے خرچ کیا اس کا احتساب کیا جائے اور مصنوعی طور پر پانی کی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف چاہئے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

DATE: 0 5 MAY 2023

Bullet No. 6

Page No: 16

# سچائی سب سے بڑی طاقت ہے جسے ہم چھپا نہیں سکتے

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ، وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی وزراء اور سینیٹرز نے کہا ہے کہ میڈیا عوام کو پل پل باخبر رکھنے اور انہیں شعور اور آگہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے صحافی ہمارے معاشرے کا پڑھا لکھا اور باشعور طبقہ ہیں جو معاشرے کی صحیح سمت میں رہنمائی کرتے ہیں صحافی معاشرے میں قانون عدل وانصاف اور مساوات کے پرچار میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں بدقسمتی سے ہمارے صوبے میں ذرائع ابلاغ سے وابستہ نمائندوں کو مشکلات اور مسائل کا سامنا رہا ہے تیسری دنیا کے ممالک میں آزادی صحافت کے لیے خطرات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے سچائی سب سے بڑی طاقت ہے جسے چھپایا نہیں جاسکتا ہے۔ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے اور ہم فکر اور قلم کی آزادی پر یقین رکھتے ہیں۔ آج انٹرنیشنل پریس فریڈم ڈے کے موقع پر ہم تمام شہدا صحافت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی گرانقدر خدمات وقربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں صحافت سے وابستہ افراد ہی پل پل بدلتی دنیا میں ہمیں تازہ ترین حالات وواقعات سے باخبر رکھتے ہیں اور حکومت اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرنے کا سہرا آج بھی صحافت کے سر ہے۔ چین اینڈ بیپرلیس فیوچر کے پیش نظر صحافی حضرات کاغذ وقلم کے کچر سے نجات حاصل کرے کیونکہ ڈیجیٹل صحافت سے رشتہ جوڑنا ناگزیر ہو چکا ہے میڈیا سے وابستہ افراد ذاتی طور اکثر معاشی تنگدستی کے شکار ہیں مگر اس کے باوجود وہ معاشرے کو بہت کچھ دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ صحافت کی دنیا میں صحافیوں کے حقوق واختیارات کی پاسداری اور روزگار کے تحفظ کیلئے قانون سازی کی اشد ضرورت ہے آفات قدرتی ہو یا انسانی، اجتماعی احساس اجاگر کرنے میں صحافی برادری کا کردار کلیدی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے عالمی پریس ڈے پر پیغام میں کہا کہ میڈیا کو چوتھے ستون کی حیثیت حاصل ہے میڈیا عوام کو پل پل باخبر رکھنے اور انہیں شعور اور آگہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے صحافی ہمارے معاشرے کا پڑھا لکھا اور باشعور طبقہ ہیں جو معاشرے کی صحیح سمت میں رہنمائی کرتے ہیں صحافی معاشرے میں قانون عدل وانصاف اور مساوات کے پرچار میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں بدقسمتی سے ہمارے صوبے میں ذرائع ابلاغ سے وابستہ نمائندوں کو مشکلات اور مسائل کا سامنا رہا ہے ہمارے صوبے کے کئی باصلاحیت صحافیوں نے اپنے فرائض کی ادائیگی میں اپنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کیے ہیں۔ آج کے دن تمام شہید صحافیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں توقع ہے کہ صحافی ملک اور معاشرے کی ترقی وخوشحالی کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبائی حکومت صحافی برادری کے مسائل کا ادراک رکھتی ہے حکومت نے صحافیوں کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کا سلسلہ شروع کیا ہے جرنلسٹ ویلفیئر فنڈ کی رقم میں خاطر خواہ اضافہ کیا گیا ہے صحافیوں کو رہائشی کالونی کی الاٹمنٹ کے لیے حکومت نے عملی اقدام کیے ہیں صحافی ملک ومعاشرے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں تا کہ ہم خوش حالی وترقی کی جانب گامزن ہوسکیں، انہوں نے کہا کہ اسپیکر صوبائی اسمبلی میر جان محمد جمالی، ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل، اور صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو، سردار عبدالرحمٰن کھیتران، میر اسد اللہ بلوچ، انجینئر زمرک خان اچکزئی، حاجی محمد خان لہڑی، پارلیمانی سیکرٹریز شاہینہ کاکڑ، بشریٰ رند، ماہ جبین شیران، سینیٹر منظور احمد کاکڑ، حبیب اللہ بازئی، میر سرفراز احمد بگٹی، احمد خان خلجی، عبدالقادر ودیگر نے کہا کہ صحافت اور صحافیوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہماری ترجیح ہے قرآن کہتا ہے کہ حق سے باطل کو نہ ملا اور دیدہ ودانستہ حق نہ چھپا تیسری دنیا کے ممالک میں آزادی صحافت کے لیے خطرات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے سچائی سب سے بڑی طاقت ہے جسے چھپایا نہیں جاسکتا ہے میڈیا کی آزادی معاشرتی احساس ذمہ داری سے مشروط ہے آزادی صحافت کیلئے قربانیاں دینے والے صحافیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ارشد شریف، ارشاد مستوئی، ودیگر صحافیوں کے اللہ پاک جنت میں درجات بلند فرمائے انہوں نے کہا کہ آزادی صحافت کیلئے قربانیاں دینے والے صحافیوں کو سلام پیش کرتے ہیں میڈیا نے معاشرے میں اجتماعی شعور بیدار کرنے کیلئے ناقابل فراموش کردار ادا کیا آزادی صحافت کیلئے قربانیاں دینے والے صحافیوں کو سلام پیش کرتے ہیں میڈیا نے معاشرے میں اجتماعی شعور بیدار کرنے کیلئے ناقابل فراموش کردار ادا کیا جمہوریت کا فروغ میڈیا کی آزادی سے مشروط ہے۔ سچ اور حق کیلئے کھڑے ہونے والے صحافی معاشرے کا چہرہ بن جاتے ہیں آج کا دن پاکستانی صحافی برادری کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے میڈیا کسی بھی ریاست کے کان اور آنکھ کا کردار ادا کرتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5 DATE: 05 MAY 2023 Page No: 15


# سابق وزرا اور افسران سرکاری گاڑیوں پر قابض حکام بے بس

ڈھائی ہزار کے لگ بھگ گاڑیاں اعلیٰ افسران کے زیر استعمال، بچے، عزیز واقارب کے اندرون اور بیرون صوبہ سیر سپاٹے

**گاڑیاں نہ ہونے کی وجہ سے ضلع افسران دفاتر تک محدود، سرکاری امور تعطل کا شکار، محکموں کی کارکردگی شدید متاثر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں سابق وزرا اور ریٹائرڈ افسران سرکاری گاڑیوں پر قابض ہیں، متعلقہ حکام اور انتظامیہ کی بے بسی کے سبب سرکاری گاڑیوں کی واپسی ممکن نہیں ہوسکی، سواری نہ ہونے کی وجہ سے ضلع افسران دفاتر تک محدود ہوگئے، سرکاری محکموں کی کارکردگی بھی متاثر ہورہی ہے، تفصیلات کے مطابق بلوچستان حکومت کے سابق وزرا اور ریٹائرڈ بیوروکریٹس نے درجنوں چھوٹی اور بڑی سرکاری گاڑیوں پر قبضہ جمالیا، محکمہ صحت، تعلیم و دیگر محکموں کی گاڑیوں پر بااثر افراد اب بھی قابض ہیں جس کی وجہ سے سرکاری امور تعطل کا شکار ہوگئے ہیں، کارکردگی بھی متاثر ہورہی ہے، وہ متعلقہ محکموں کی گاڑیاں واپس کرنے کے لئے راضی بھی نہیں ہیں، محکموں کی جانب سے افسران کے خلاف اب تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی، ہر دن کے ساتھ سرکاری محکموں کا گراف بہتری کے بجائے نیچے گر رہا ہے، سرکاری گاڑیوں پر قبضے کی وجہ سے محکموں کی کارکردگی متاثر ہونے کے ساتھ سرکاری خزانے کو بھاری مالی خسارہ بھی برداشت کرنا پڑ رہا ہے مگر اس پر تمام حکام نے چپ سادھ لی ہے، بلوچستان اسمبلی میں 4 ماہ قبل سیکڑوں ریٹائرڈ بیوروکریٹس اور سابق وزرا کی جانب سے سرکاری گاڑیوں پر قابض ہونے کا انکشاف ہوا تھا، یہ بتایا گیا کہ ڈھائی ہزار کے لگ بھگ سرکاری گاڑیاں اعلیٰ افسران کے قبضے میں ہیں، ان کے بچے، عزیز واقارب گاڑیوں میں اندرون اور بیرون صوبہ سیر سپاٹوں میں مصروف ہیں، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی بلوچستان حکومت کی گاڑیوں کی آمد ورفت بھی متعدد مرتبہ مشاہدے میں آئی ہے مگر متعلقہ حکام خاموش تماشائی بن گئے، صوبائی اسمبلی میں معاملہ سامنے آنے کے بعد حکومت نے گاڑیاں برآمد کرنے کی کوشش مگر اس کیلئے کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی، حکام کی عدم توجہی کے سبب یہ معاملہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

# انتظامیہ کی غفلت کے باعث ضلع کچہری میں لوٹ مار عام

کاغذات کی تصدیق کے نام پر عوام سے وصولیاں، 50 روپے کا اسٹامپ پیپر 80 روپے میں فروخت، استفسار پر لوگوں سے بدتمیزی

**فوٹو اسٹیٹ دکانداروں کی جانب سے اضافی پیسے بٹورنا ناانصافی، شہریوں کا اضافی رقم وصولی کا سلسلہ ختم کرنے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انتظامیہ کی چشم پوشی کے سبب ضلع کچہری میں لوٹ مار کا سلسلہ جاری ہے، کاغذات کی تصدیق اور اٹیسٹ کرنے کے نام پر غریب عوام سے من مانے پیسے وصول کئے جارہے ہیں، 50 روپے کا اسٹامپ پیپر 80 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے، استفسار پر فوٹو اسٹیٹ دکاندار لوگوں کے ساتھ بدتمیزی پر اتر آتے ہیں، کوئی سننے والا نہیں، شہریوں کو مشکلات درپیش ہیں، تفصیلات کے مطابق ضلع کچہری کوئٹہ میں ایک درجن سے زائد فوٹو اسٹیٹ کی دکانیں قائم ہیں جہاں پر روزانہ کاغذات کی فوٹو اسٹیٹ اور تصدیق کے نام پر دکاندار عوام کو لوٹ رہے ہیں، مختلف کیسز کی پیشی کیلئے کچہری کا رخ کرنے والے شہریوں کو اسٹامپ پیپر کی قیمت کا پتہ نہیں، وہ یہ نہیں جانتے کہ یہ کیسے بنایا جاتا ہے، شہریوں کے مزاج سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ان سے زیادہ پیسے بٹورے جارہے ہیں، حکومت کی جانب سے اسٹامپ پیپر کی قیمت 50 روپے مقرر کی گئی ہے، واضح لکھا گیا کہ مگر فوٹو اسٹیٹ دکاندار من مانیاں کر کے اسٹامپ پیپر 80 روپے کا فروخت کررہے ہیں، پوچھنے والا کوئی نہیں ہے، استفسار کرنے پر دکاندار بدتمیزی سے پیش آتے ہیں، کاغذات کی تصدیق کرنے کے نام پر لوگوں سے ہزاروں روپے وصول کئے جارہے ہیں، شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، شہریوں نے بتایا کہ فوٹو اسٹیٹ دکانداروں کی جانب سے اضافی پیسے بٹورنا ناانصافی کے مترادف ہے، انہوں نے ضلع انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ حکومتی نرخ پر اسٹامپ پیپر کی فراہمی یقینی بنا کر کاغذات کی تصدیق کے نام پر اضافی رقم وصول کرنے کا سلسلہ ختم کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 05 MAY 2023 Page No: 17


## انسانی وسائل، غذائی قلت سمیت دیگر مسائل میں بلوچستان سرفہرست ہے

عالمی بینک نے ہیومن کیپٹل ری ویو ریسرچ رپورٹ کا اجرا کردیا۔ قائم مقام کنٹری ڈائریکٹر ورلڈ بینک کے مطابق پاکستان میں 2 کروڑ 30 لاکھ بچے اسکول سے باہر ہیں اور پاکستان میں بڑی تعداد میں بچے غذائی قلت کا شکار ہیں جب کہ پاکستان میں عورتوں کی بڑی تعداد کو ملازمت کے مواقع حاصل نہیں ہیں۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انسانی وسائل کی ترقی ممالک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے، ہم نے 1999 میں انسانی وسائل کیلئے جو اقدامات کیے وہ مارشل لا حکومت میں ضائع ہوگئے۔ احسن اقبال نے یہ بھی کہا کہ ہماری حکومت نے 2013 میں انسانی وسائل کیلئے دوبارہ اقدامات شروع کیے، ہمارے دور میں ترقیاتی بجٹ 1000 ارب روپے تھا، رواں مالی سال ترقیاتی بجٹ کم ہوکر 727 ارب روپے ہوگیا مگر ہمارا انفرااسٹرکچر غریب ترین ممالک کی طرح ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے پاکستان کو 30 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا، آئی ایم ایف پروگرام کی شرائط سیلاب سے قبل طے ہوئی تھیں، سیلاب کے بعد پاکستان ان میں سے کچھ شرائط پر عملدرآمد نہیں کرسکتا، آئی ایم ایف پروگرام کی عدم موجودگی سے غیر یقینی صورتحال بڑھی اس کے علاوہ ملک میں توانائی کی قیمت کم کرنے اور غریب لوگوں کو غربت سے نکالنے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ بہرحال ملک میں انسانی وسائل کی ترقی، غذائی قلت جیسے چیلنجز کا سامنا ہر وقت رہا ہے جس کا مستقل حل نکالنے کے لئے جامع منصوبہ بندی کا فقدان ہر وقت رہا ہے۔ اس وقت سب سے زیادہ متاثر بلوچستان ہے جہاں لاکھوں کی تعداد میں بچے اسکولوں سے باہر ہیں، تعلیمی ادارے خستہ حالی سمیت بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ غذائی قلت کی وجہ سے خواتین اور نومولود بچوں کی اموات کی شرح زیادہ ہے۔ اسی طرح ملازمتیں نہ ہونے کے برابر ہیں دیگر صوبوں کے ساتھ جائزہ لیا جائے تو پسماندگی اور تنزلی میں بلوچستان پہلی فہرست میں آئے گا۔ لہٰذا اس طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے تاکہ پسے ہوئے طبقات کو اوپر لایا جاسکے اور اس کیلئے وسائل کی فراہمی ضروری ہے ساتھ ہی ماہرین کی ٹیم کے ساتھ پروجیکٹس بنانے کو ترجیح دیکر مسائل سے نکلا جاسکتا ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 0 5 MAY 2023 Page No: 19

## سی پیک گیم چینجر منصوبہ 152 رکن ممالک سے سخت ترین مقابلے کا سامنا ہے، رپورٹ

گوادر (این این آئی) سی پیک گیم چینجر منصوبہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کا حصے کے تحت پاکستان کو 152 رکن ممالک سے سخت ترین مقابلہ کا سامنا ہے، ان تمام اراکین چینی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھانے اور مارکیٹ تک رسائی حاصل کرنے کے لئے تیز ترین دوڑ میں ہیں، پاکستان کو سی پیک کے ممکنہ حریفوں، خطے اور ملحقہ خطوں کے اندر، کی شناخت کے لیے ایک جامع صورتحال کا تجزیہ کرنے کو ترجیح دینی چاہیے، پاکستان کو ایک ایسی پالیسی وضع کرنے کی ضرورت ہے جو موجودہ تعلقات کو مضبوط کرے اور مقابلے کو جیت کے تعاون میں بدل دے۔ چین کی ہبی یونیورسٹی میں وزٹنگ ریسرچ فیلو ماہر معاشیات کی تجزیاتی رپورٹ۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) ایک خوابیدہ منصوبہ ہے جس کی بہت سے ممالک کی خواہشمندی منحصر ہے۔ اس میں کسی بھی قوم کو تیز رفتار اقتصادی ترقی اور عروج کی طرف لے جانے کے لیے تمام ضروری اجزاء موجود ہیں اور تعاون کے مختلف شعبوں پر محیط ہے جو سی پیک پاکستان کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ سی پیک سے فائدہ اٹھانے کے لیے ضروری ہے کہ پالیسیوں کے صحیح سیٹ کو نافذ کیا جائے، مناسب اقدامات کیے جائیں اور ایک مضبوط ادارہ جاتی فریم ورک قائم کیا جائے۔ رپورٹ میں مزید برآں کہا گیا کہ اس بات پر غور کرنا ضروری ہے کہ سی پیک بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو (BRI) کا حصہ ہے، جس میں 152 رکن ممالک شامل ہیں۔ نتیجے کے طور پر، ان اراکین کے درمیان چینی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھانے اور اس کی مارکیٹ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے صحت مند مقابلہ موجود ہے اور اس پس منظر میں، پاکستان کو CPEC کے ممکنہ حریفوں، خاص طور پر خطے اور ملحقہ خطوں کے اندر، کی شناخت کے لیے ایک جامع صورتحال کا تجزیہ کرنے کو ترجیح دینی چاہیے۔ یہ تجزیہ ضروری ادارہ جاتی فریم ورک قائم کرتے ہوئے موجودہ حالات کی بہتر تفہیم حاصل کرنے اور مناسب پالیسیاں بنانے میں مدد کرے گا مگر فی الحال اس طرح کے تجزیہ کا فقدان ہے، رپورٹ کے مطابق اس خلا کو پر کرنے کے لیے ایشین انسٹی ٹیوٹ آف ایکو سولائزیشن ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ نے ایک ابتدائی تجزیہ کیا ہے اور CPEC کے ممکنہ حریفوں کی نشاندہی کی ہے۔ اگرچہ حریفوں کی فہرست بہت وسیع ہے، لیکن ہم نے پاکستان سے ان کی مضبوط مطابقت کی بنیاد پر صرف چند کو منتخب کیا ہے جن میں سب سے پہلے، مملکت سعودی عرب (KSA) چینی سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں پاکستان کے ایک نئے حریف کے طور پر ابھر رہی ہے۔ صدر شی کے KSA کے دورے نے ان کوششوں کو ایک نئی تحریک دی ہے۔ دونوں ممالک نے دوطرفہ تجارت، اقتصادی اور سرمایہ کاری کے روابط کو فروغ دینے کے لیے ایک جامع معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ KSA نے کامیابی کے ساتھ چینی کمپنیوں سے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کرنے کے وعدے حاصل کیے ہیں جن میں گرین انرجی، گرین ہائیڈروجن، فوٹو وولٹک انرجی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، کلاؤڈ سروسز، ٹرانسپورٹیشن، لاجسٹکس، میڈیکل انڈسٹریز، ہاؤسنگ اور تعمیراتی کارخانے شامل ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ چین-وسطی ایشیا-مغربی ایشیا کوریڈور زور پکڑ رہا ہے۔ یہ راہداری پانچ وسطی ایشیائی اور 17 مغربی ایشیائی ریاستوں کو جوڑے گی، جن میں سعودی عرب، ایران اور ترکی شامل ہیں۔ چین-وسطی ایشیا-مغربی ایشیا کوریڈور کو CPEC اور مغربی ایشیا سے منسلک کرتے ہوئے افغانستان ایک مربوط نوڈ کے طور پر اہم کردار ادا کرے گا۔ چین-وسطی ایشیا-مغربی ایشیا کوریڈور چین کے لیے مشرق وسطی، بلقان اور قفقاز کی ریاستوں سے جڑنے کے لیے ایک متبادل راستے کے طور پر بھی کام کرے گا، جس میں شمالی افریقہ تک توسیع کی صلاحیت ہے۔ تیسرا، چین نے آسٹریلیا، برونائی، کمبوڈیا، انڈونیشیا، جاپان، جنوبی کوریا، لاؤس، ملائیشیا، میانمار، نیوزی لینڈ، فلپائن، سنگاپور، تھائی لینڈ اور ویتنام کے ساتھ جامع علاقائی اقتصادی شراکت داری (RCEP) پر دستخط کیے ہیں اور اس RCEP کے ذریعے، چین نے اپنے شراکت داروں کو سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، تجارت اور اقتصادی روابط کے شعبوں میں منافع بخش مراعات کی پیشکش کی ہے۔ چوتھا، بھارت پاکستان اور سی پیک کا سخت حریف اور مخالف ہے۔ اگرچہ ہندوستان BRI کا حصہ نہیں ہے لیکن اس نے چین کے ساتھ مضبوط دوطرفہ تجارتی روابط قائم کیے ہیں۔ بتایا گیا کہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت گزشتہ سال 125 بلین ڈالر سے تجاوز کر گئی۔ پانچویں، ایران ایک اور ملک ہے جس نے چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بنانے کی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ اس مقصد کے حصول میں ایران نے چین کے ایکسپورٹ امپورٹ بینک سے 26 منصوبوں کے لیے 8.5 بلین ڈالر حاصل کیے ہیں۔ چھٹا، امریکی اور اتحادی افواج کے انخلاء کے بعد، افغانستان نے بی آر آئی میں شامل ہونے کا پختہ ارادہ ظاہر کیا ہے۔ افغانستان اپنے اقتصادی روابط کو مضبوط بنانے کے لئے چین کے ساتھ سرگرم عمل ہے اور چین افغانستان کو بی آر آئی میں خوش آمدید کہنے اور مضبوط روابط استوار کرنے کا خواہاں ہے۔ ساتویں، ترکی نے مڈل کوریڈور کا آغاز کیا ہے، جو چین کو وسطی ایشیائی ریاستوں کے ذریعے ترکی سے ملاتا ہے۔ ترکی اسے چین-وسطی ایشیا-مغربی ایشیا کوریڈور اور CPEC کے تکمیلی یا متبادل راستے کے طور پر پیش کرتا ہے۔ آٹھویں بات یہ ہے کہ متحدہ عرب امارات خطے کا ایک مستقل کھلاڑی ہے اور مشرق وسطی میں چین کا ایک اہم تجارتی اور سرمایہ کاری پارٹنر بن کر ابھر رہا ہے۔ متحدہ عرب امارات گوادر بندرگاہ کی ترقی کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ پاکستان کو یاد رکھنا چاہیے کہ بھارت کے علاوہ یہ تمام حریف پاکستان کے قریبی دوست ہیں، ان ممالک میں لاکھوں پاکستانی کام کر رہے ہیں۔ اس لیے پاکستان کو ایک ایسی پالیسی وضع کرنے کی ضرورت ہے جو موجودہ تعلقات کو مضبوط کرے اور مقابلے کو جیت کے تعاون میں بدل دے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 05 MAY 2023

Bullet No.____ Page No:____



اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے چیئرمین شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن ڈاکٹر لعل خان کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

Balochistan Time Quetta



**ISLAMABAD**: Senate Chairman Sadiq Sanjrani presents shield to Balochistan Governor Abdul Wali Kakar